2025-01-27

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں، Cariappa پریڈ گراؤنڈ میں NCC کی سالانہ PM ریلی سے خطاب کریں گے۔

2- آج سے اتراکھنڈ میں یکساں سوِل کوڈ نافذ ہو رہا ہے۔

3- اترپردیش سرکار نے، پریاگ راج میں، مونی اَماوسیّہ کے امرت سنان سے پہلے، پورے مہا کمبھ میلے کے علاقے میں آج سے، گاڑیوں کی آمدورفت پوری طرح بند کر دی ہے۔

4- کولمبیا نے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے محصولات اور پابندیاں عائد کیے جانے کے بعد، امریکہ سے نکالے گئے اپنے شہریوں کو لانے کے لیے طیارہ روانہ کیا ہے۔

5- اور رانچی میں، خواتین کی ہاکی انڈیا میں، اُڈیشہ واریئرس نے JSW سورما ہاکی کلب کو دو ایک سے شکست دے کر خطاب جیت لیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM NCC Rally

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں، Cariappa پریڈ گراؤنڈ میں نیشنل کیڈٹ کور NCC کی سالانہ PM ریلی سے خطاب کریں گے۔ اس سال کی، اِس ریلی کا موضوع ”یوا شکتی وِکست بھارت“ ہے۔

ریلی کے دوران، 800 سے زیادہ کیڈٹس، ایک ثقافتی پروگرام پیش کریں گے، جس میں ملک کی تعمیرکے تئیں NCC کے عزم کا اظہار کیا جائے گا۔ اِس کے علاوہ اِس ریلی میں، 18 دوست ملکوں کے، 144 نوجوان کیڈٹس بھی حصہ لیں گے۔

ریلی میں، پورے ملک کے 650 سے زیادہ رضاکار بھی، خصوصی مہمانوں کے طور پر شرکت کریں گے۔×

Uttarkhand UCC

اتراکھنڈ میں آج سے یکساں سوِل کوڈ UCC نافذ ہو رہا ہے۔ اِس طرح، اِس قانون پر عمل درآمد کا، یہ پہلا مرحلہ ہے۔

وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے کہا ہے کہ اِس کی منظوری، اور افسروں کی تربیت سمیت، سبھی تیاریاں مکمل ہیں۔ UCC کا مقصد، ذاتی سوِل قوانین کی معیار کاری کر کے، سبھی شہریوں کے

لیے، برابر کے حقوق کو یقینی بنانا ہے۔ جناب دھامی نے کہا کہ UCC، اُن سبھی قوانین میں یکسانیت لانے کی ایک کوشش ہے، جن کا تعلق ایسے ذاتی سوِل معاملوں سے ہے، جن میں ذات پات، مذہب اور صنف کی بنیاد پر تفریق پائی جاتی ہے۔

S/B Pushkar Singh Dhami - UCC

UCC پر عمل درآمد، اتراکھنڈ میں 2022 کے اسمبلی انتخابات سے پہلے کا، BJP کا ایک اہم وعدہ تھا، جس کی بنیاد پر پارٹی، لگاتار دوسری مدّت کے لیے اقتدار میں آئی تھی۔

ریاستی کابینہ نے UCC پر، عمل درآمد کے لیے، ضابطوں اور اصولوں کو حال ہی میں منظوری دی تھی اور وزیر اعلیٰ کو اختیار دیا تھا کہ وہ اس کے لیے کوئی تاریخ مقرر کریں۔

UCC میں، درجِ فہرست قبائل کو چھوڑ کر، ریاست کے سبھی شہریوں کے لیے، مذہب سے قطع نظر، شادی بیاہ، طلاق، جانشینی اور وراثت کے سلسلے میں، یکساں اور برابری پر مبنی ضابطے مقرر کیے گئے ہیں۔

یکساں سوِل کوڈ میں سبھی شادیوں اور Live-in تعلقات کا رجسٹریشن لازمی قرار دیا گیا ہے۔×

Goyal Oman

تجارت وصنعت کے وزیر پیوش گوئل آج سے مشترکہ کمیشن کی گیارھویں میٹنگ میں شرکت کیلئے عُمان کے شہر مسقط کا دو روزہ دورہ کریں گے۔ اپنے دورے میں جناب گوئل، عمان کے تجارت، صنعت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے وزیر قیس بن محمد بن موسیٰ الیوسف سے بات چیت کریں گے۔ دونوں وزرا تجارت، سرمایہ کاری اور عالمی اقتصادی صورتحال پر وسیع مذاکرات کریں گے۔

تجارت وصنعت کی وزارت نے اپنے بیان میں کہا کہ اِس دورے سے عمان کے ساتھ تجارت و سرمایہ کاری کے ملک کے عزم کا اظہار ہوتا ہے اور دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کو مزید فروغ حاصل ہوگا۔x

Kerala Drowned

کیرالہ میں، کَل شام کوزیکوڈ میں Thikkodi ساحل پر شدید لہروں کی زد میں آنے سے دو خواتین سمیت چار افراد پانی میں ڈوب گئے۔ یہ حادثہ وائیناڈ ضلعے میں پیش آیا، جہاں Kalpetta علاقے کا پانچ افراد کا ایک گروپ، سمندر کی سیر کے لیے آیا تھا۔ مقامی افراد اور ماہیگیروں نے انھیں پانی سے نکالا لیکن چار لوگوں کی زندگی نہیں بچائی جا سکی۔

باہر نکالی گئی ایک خاتون کو اسپتال میں داخل کیا گیا ہے، یہ 26 افراد پر مشتمل اِس گروپ میں Kalpetta کے ایک مقامی gvm کے ارکان اور عملے کے لوگ شامل تھے، جو چھٹی کے دوران سیروتفریح کے لیے ساحل سمندر آئے تھے۔

Constituency Profile Greater Kailash

دلّی کی 70 رکنی اسمبلی کے لیے انتخابات اگلے مہینے کی 5 تاریخ کو ہوں گے۔ آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ اِن انتخابات کے تناظر میں ایک خصوصی سیریز نشر کر رہا ہے۔ لہٰذا آج ہم گریٹر کیلاش حلقے کی بات کریں گے۔

V/C - Bhanu

گریٹر کیلاش علاقہ اپنے Boutiques، مارکیٹس اور عیش و آرام والے گھروں کی وجہ سے مشہور ہے۔ یہ دلّی کے اعلیٰ سماجی طبقے کے رہائشی علاقے کے طور پر جانا جاتا ہے۔ یہ اسمبلی حلقہ، اِن انتخابات میں اُن حلقوں میں سے ایک ہے جن پر ہر ایک کی نظر ہے۔ جنوبی دلّی کا یہ علاقہ اس لیے بھی اہم ہے کہ یہاں عام آدمی پارٹی کے سینئر رہنماء اور دلّی سرکار کے وزیر سوربھ بھاردواج، ایک بار پھر انتخابی میدان میں ہیں۔ BJP نے، اِس سیٹ پر شِکھا رائے کو کھڑا کیا ہے۔ یہ حلقہ 2013 سے عام آدمی پارٹی کی حکمرانی میں ہے۔ کانگریس نے یہاں سے Garvit Singhvi کو اپنا امیدوار بنایا ہے۔ اِس حلقے میں ایک لاکھ 87 ہزار سے زیادہ رائے دہندگان ہیں۔

اِس حلقے کا انتخاب، سڑکوں پر پانی جمع ہو جانے، پارکنگ، کوڑے کچرے کے ڈھیر اور پانی کی پرانی پائپ لائن نیز بجلی کے بلوں میں اضافے کے مسائل کی بنیاد پر لڑا جا رہا ہے۔

بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Mahakumbh Overall

اور اب کچھ خبریں مہاکمبھ سے:

Montage Opening

اترپردیش حکومت نے پریاگ راج میں پورے مہاکمبھ علاقے میں گاڑیوں پر پوری طرح پابندی لگادی ہے۔ 29 جنوری کو مونی اماوسیہ کے موقع پر لوگوں کی متوقع بڑی تعداد کے بلا رکاوٹ آنے جانے کو یقینی بنانے کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ کنٹرول اور کمان سے متعلق مربوط مرکز، لوگوں کی بڑی بھیڑپر نظر رکھنے کے لیے سرگرم ہوگیا ہے، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ سنگم کے مقام پر بہت زیادہ تعداد میں لوگ اکٹھا نہ ہوں۔

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، مہاکمبھ میلے میں شرکت کے لیے آج اترپردیش میں پریاگ راج کا دورہ کریں گے۔ جناب شاہ گنگا، جمنا اور سرسوَتی دریاؤں کے ملنے کے مقام تِروینی سنگم کے پوِتر پانی میں اسنان کریں گے۔ توقع ہے کہ وزیر داخلہ، Puri کے شنکرا چاریہ اور دُوارکا کے شنکراچاریہ سمیت کئی سنتوں سے ملاقات بھی کریں گے۔

پریاگ راج میں مہا کمبھ مختلف پہل قدمیوں اور تقریبات کی شکل میں خواتین کو اور زیادہبااختیار بنائے جانے کو فروغ دینے کا اہم مرکز بن گیا ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ مختلف تنظیموں اور NGOs نے خواتین کو اُن کی مصنوعات کی نمائش کے لیے پلیٹ فارم فراہم کیا ہے۔

ایک رپورٹ

V/C Aman Dipendra

مہا کمبھ میں لوگوں کی بڑی بھیڑ، صرف عقیدے کا ہی ایک جشن نہیں ہے بلکہ یہ سماجی تبدیلی کے لیے بھی ایک پلیٹ فارم ہے۔ خواتین کو بااختیار بنائے جانے کے مقصد کے تحت مختلف پویلینس قائم کیے گئے ہیں، تاکہ خواتین کے حقوق کی وکالت کی جا سکے۔

خواتین کے قومی کمیشن نے خواتین کے حقوق کے تحفظ سے متعلق، قوانین کے بارے میں بیداری بڑھانے کے مقصد سے ایک پویلین قائم کیا ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے NCW کی شیوانگی شُکلا نے کہا کہ مذکورہ کمیشن، خواتین کے حقوق کے بارے میں بیداری پھیلا رہا ہے اور قانونی صلاح فراہم کر رہا ہے۔

S/B Shivangi Shukla

مقامی اور دیہی علاقوں کی خواتین نے روایتی دستکاری، ٹیکسٹائلس اور نامیاتی مصنوعات کو فروغ دینے کے لیے مہا کمبھ میں اسٹالس قائم کیے ہیں۔ یہ پلیٹ فارم، اقتصادی طور پر خود مختار اور خود کفیل بنانے کے لیے موقعے فراہم کرتے ہوئے خواتین کو بھی بااختیار بنا رہا ہے۔

پریاگ راج سے امن یادو اور دیپندر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں........

Hyd Fire Boats

حیدرآباد میں Bharat Mata Maha Aati پروگرام کے حصے کے طور پر آتش بازی کے دوران گل رات حسین ساگر جھیل میں آگ لگنے کا ایک واقعہ پیش آیا۔ جس کے بعد 5 افراد کو جائے حادثہ سے بحفاظت باہر نکال لیا گیا۔

یہ پروگرام نیکلِس روڈ پر بھارت ماتا فاؤنڈیشن کے ذریعے Peopl's Plaza میں منعقد کیا گیا تھا اور مرکزی وزیر اور تلنگانہ BJP ریاستی صدر جی۔کشن ریڈی 76ویں یومِ جمہوریہ کی تقریبات منائے جانے اس پروگرام میں موجود تھے۔

کشتی پر سوار سبھی مسافروں کو باہر نکال لیا گیا۔ ایک شخص جو شدید طور پر زخمی ہوا تھا، اسے ایمرجنسی خدمات سے متعلق حکام نے علاج کے لیے نزدیک کے ایک اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔ آگ کے اس واقعے میں دونوں ہی کشتیاں پوری طرح جل گئیں۔

BJP کے رہنما جی۔کشن ریڈی نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے کہ اس حادثے میں کسی کی جان نہیں گئی۔ انھوں نے لوگوں کو یقین دلایا ہے کہ پوچھ تاچھ کے ذریعے آگ لگنے کی وجہ کا پتہ لگایا جائے گا۔

متعلقہ حکام پروگرام کے دوران حفاظت کے بندوبست اور ضابطوں پر عمل کرنے کی تحقیق کر رہے ہیں۔x

US Columbia Deportation

کولمبیا نے، اپنے شہریوں کو واپس لانے کے لیے صدارتی طیارہ، Honduras بھیجا ہے۔ کولمبیا کے صدر، Gustavo Petro نے ایک بیان میں کہا کہ وہ اپنے ساتھی شہریوں کو، باوقار طریقے سے واپس لانے کے لیے ایک صدارتی طیارہ فراہم کریں گے۔

اِس سے پہلے، انہوں نے امریکہ سے نکالے گئے، اپنے شہریوں کے لیے امریکی پروازوں کو قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا، جس کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، 25 فیصد محصولات اور پابندیاں لاگو کر دی تھیں۔ جناب ٹرمپ نے کہا کہ کولمبیا سے، امریکہ آنے والی سبھی اشیاء پر محصولات فوری طور پر لاگو کر دیے جائیں گے اور ایک ہفتے کے اندر اندر، اِن 25 فیصد محصولات کو بڑھا کر 50 فیصد کر دیا جائے گا۔

دونوں ملکوں کے درمیان کشیدگی میں اضافہ اُس وقت ہوا جب کولمبیا کے صدر، Gustavo Petro نے اپنی طرف سے اعلان کیا کہ اُن کی حکومت، امریکہ سے نکالے گئے، کولمبیائی شہریوں کو لانے والی، امریکی فضائیہ کی دو پروازوں کو قبول نہیں کرے گی۔

یہ کولمبیائی شہری، امریکہ میں غیر قانونی طور پر رہ رہے تھے۔ ×

## Foreign Secretary Beijing

خارجہ سیکریٹری وِکرم مِسری کَل چین کے دو روزہ دورے پر گئے ہیں۔ وزارتِ خارجہ نے بتایا کہ جناب مِسری بھارت اور چین کے درمیان، خارجہ سیکریٹری-نائب وزیر نظام سے متعلق ایک میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

تلنگانہ کی ریاستی سرکار نے، کسانوں، کھیتوں میں کام کرنے والے مزدوروں اور غربت کی سطح سے نیچے زندگی بسر کرنے والے کنبوں کے لیے 4 فلاحی اسکیمیں شروع کی ہیں۔ وزیروں اور سرکاری نمائندوں نے، کَل اِن اسکیموں کا باقاعدہ طور پر آغاز کیا تھا۔ اِن اسکیموں کا آغاز پوری ریاست کے ہر ایک بلاک کے ایک گاؤں میں کیا گیا ہے۔ ریاست کے نارائن پیٹ ضلعے میں، کوسگی منڈّل علاقے کے چندروَنچ گاؤں میں اِن فلاحی اسکیموں کا آغاز کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ اے-ریوَنت ریڈّی نے سابقہ BRS حکمرانی پر نکتہ چینی کی کہ اُس نے، ریاست میں اپنے 10 سالہ اقتدار میں غریب کنبوں کے لیے راشن کارڈ جاری نہیں کیے۔ انہوں نے کہا کہ اب ریاستی سرکار نے، ریاست کے 40 لاکھ نئے کنبوں کے لیے راشن کارڈ جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔×

## Fishermen Arrested

سری لنکا کی بحریہ نے دو الگ الگ واقعات میں کم از کم 34 بھارتی ماہیگیروں کو گرفتار کیا ہے۔ سری لنکا کی بحریہ نے ماہی گیری میں کام آنے والی، جال والی تین کشتیوں کو بھی ضبط کیا۔ اِن ماہی گیروں کو سنیچر کے روز اور کَل دو الگ الگ واقعات کے تحت غیر قانونی طور پر مبینہ مچھلیاں پکڑنے کی پاداش میں گرفتار کیا گیا ہے۔

راماناتھا پورم کے ماہیگیری کے محکمے نے بتایا ہے کہ سری لنکا کی بحریہ نے بین الاقوامی آبی حدود کی مبینہ خلاف ورزی کے لیے تین کشتیوں کے مالکوں کو بھی حراست میں لیا ہے۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیاتIMD نے آج ہماچل پردیش، راجستھان اور پنجاب میں شدید سردی کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے یہ بھی کہا ہے کہ اترپردیش، بہار، اوڈیشہ، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں اگلے دو روز کے دوران رات اور صبح کے وقت میں گھنا کہرہ چھائے رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات کے دفتر نے مزید کہا ہے کہ اگلے ہفتے مغربی ہمالیائی خطے میں کہیں کہیں بارش اور برفباری ہونے کا بھی امکان ہے۔x

## Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے "طلبا کے، امتحان سے متعلق ذہنی دباؤ سے نمٹنے" کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کی جوائنٹ سیکریٹری اور نفسیاتی امراض کے، ایمس سے وابستہ پروفیسر ڈاکٹر راجیش ساگر کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

## Hockey HIL

خواتین کی ہاکی انڈیا لیگ میں کل رانچی کے ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلتے ہوئے فائنل میں اوڈیشہ وارئرس نے JSW سورما ہاکی کلب کو دو ایک سے ہراکر افتتاحی ایڈیشن کا خطاب جیت لیا ہے۔

جھارکھنڈ کے وزیراعلیٰ ہیمنت سورین نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ہاکی انڈیا لیگ میں شامل تمام ٹیموں کو مبارک باد پیش کی۔

JSW سورما ہاکی کلب کی جیوتی کو ٹورنامنٹ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ اسی ٹیم کی سَویتا پونیا کو بھی بہترین گول کیپر کا خطاب دیا گیا۔ سورما کلب کی Sonam کو ٹورنامنٹ کی بہترین ابھرتی ہوئی کھلاڑی کا خطاب بھی دیا گیا۔

مردوں کے ہاکی انڈیا لیگ میں آج شام 6 بجے شراچی راڑھ بنگال ٹائیگرس کا مقابلہ دلی SG پائیپرس سے ہوگا۔ جبکہ رات آٹھ بج کر پندرہ منٹ پر JSWسورما کلب کامقابلہ ویدانتا کلنگا لینسر سے ہوگا۔x

Sports Round Upِ

اب کھیلوں کی دنیا کی مزید خبروں کی طرف رخ کرتے ہیں۔ ٹاٹا اسٹیل شطرنج ماسٹر 2025 کے آٹھویں راؤنڈ میں گل آر پرگنا نندھا اور ڈی گوکیش کے درمیان مقابلہ برابری پر ختم ہوا۔ ایک اور مقابلے میں بھارت کے-ارجن اریگاسی کا مقابلہ بھی سربیا کے Alexey Sarana کے ساتھ ڈرا پر ختم ہوا۔

آسٹریلین اوپن ٹینس میں دنیا کے نمبر ایک کھلاڑی اٹلی کے Jannik Sinner نے کل میلبرن میں فائنل میں Alexander Zverev کو ہرا کر مردوں کے سنگلس کا خطاب جیت لیا ہے۔ اس کے ساتھ وہ آندرے اگاسی، روجر فیڈرر اور نواک جوکووِچ کے ساتھ اُن کھلاڑیوں کی فہرست میں شامل ہو گئے ہیں، جنہوں نے 21 ویں صدی میں لگاتار آسٹریلین اوپن کا خطاب جیتا ہو۔

انڈین سپر لیگ فٹبال میں کل ممبئی City FC نے 11 منٹ میں تین گول کر کے Mohammadan FC کو تین صفر سے ہرا دیا۔ آج موہن بگان سُپر Giant کا مقابلہ بنگلورو FC سے کولکاتہ میں شام ساڑھے 7 بجے ہوگا۔

آئی سی سی کے 19 سال سے کم عمر کے خواتین کے T20 عالمی کپ میں، بھارت کی ٹیم کل بنگلہ دیش کو آٹھ وکٹ سے ہرا کر سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بنگلہ دیش نے مقررہ 20 اوورس میں آٹھ وکٹ کے نقصان پر محض 64 رن بنائے۔ بنگلہ دیش کی قیادت کرنے والی سُمیہ اختر نے 21 رن بنائے جبکہ بھارت کی جانب سے ویشنوی شرما نے تین وکٹ حاصل کیے۔

بھارت نے Trisha کے 31 گیند پر 40 رن کی مدد سے جیت کے نشانے کو سات اعشاریہ ایک اوورس میں ہی حاصل کر لیا۔ کل بھارت سُپر Six کے اپنے آخری مقابلے میں اسکاٹلینڈ کا سامنا کرے گا۔

مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان تیسرا T20 بین الاقوامی میچ کل راجکوٹ میں کھیلا جائے گا۔ پانچ میچوں کی سیریز میں بھارت دو صفر سے آگے ہے۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTSِ

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......توحید

شکریہ - اسلم

یومِ جمہوریہ کی تعطیل کے سبب راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج بیشتر اردو اخبارات شائع نہیں ہوئے ہیں۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے کرتویہ پتھ پر ملک کی فوجی صلاحیتوں، ترقی اور ثقافتی گوناگونیت کو سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے کہ یومِ جمہوریہ کے موقع پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے دورے پر آئے انڈونیشیا کے صدر پرابووسوبیانتو اور وزیراعظم نریندر مودی کی موجودگی میں قومی ترنگا لہرایا۔

اخبار لکھتا ہے کہ عوامی شرکت بڑھانے کے مقصد کے تحت مختلف شعبوں میں بہترین کارکردگی انجام دینے والے اور سرکاری اسکیموں کا بہتر طور پر استعمال کرنے والے تقریباً 10 ہزار افراد کو اس مرتبہ یومِ جمہوریہ کی تقریب میں خصوصی مہمان کی حیثیت سے مدعو کیا گیا۔

بنگلہ دیش اور پاکستان کے اپنے باہمی تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے دونوں ملکوں کے درمیان براہِ راست فضائی سروس شروع کرنے کے منصوبے کا اعلان کیا۔ اس خبر کو مذکورہ اخبار نے پہلے صفحے کی سرخی بنایا ہے۔

اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کا یہ بیان بھی اخبار کے اندرونی صفحے پر نمایاں ہے کہ آئین ہمیں انصاف، مساوات اور بھائی چارے کی ترغیب دیتا ہے۔

ساتھ ہی اسی اخبار نے تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی کے ذریعے یوم جمہوریہ کے موقع پر پر تلنگانہ میں 4 نئی اسکیموں کے آغاز کا اعلان کئے جانے کی خبر کو پیش کیا ہے۔

اسی اخبار کے بین الاقوامی خبروں کے صفحے کی کچھ خبریں ہیں۔

_ فرانس کے صدر میخاں نے لبنان کے اپنے منصب سے جنگ بندی کو برقرار رکھنے پر بات چیت کی۔

_ تنزانیہ کی جھیل میں تیز ہوائیں چلنے سے 10 افراد لاپتہ۔

_ جنوبی کوریا میں معزول صدر پر بغاوت کے الزام کے تحت فردِ جرم عائد۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں، Cariappa پریڈ گراؤنڈ میں NCC کی سالانہ PM ریلی سے خطاب کریں گے۔

2- آج سے اتراکھنڈ میں یکساں سولِ کوڈ نافذ ہو رہا ہے۔

3- اترپردیش سرکار نے، پریاگ راج میں، مونی اَماوسیّہ کے امرت سنان سے پہلے، پورے مہا کمبھ میلے کے علاقے میں آج سے، گاڑیوں کی آمدورفت پوری طرح بند کر دی ہے۔

4- کولمبیا نے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے محصولات اور پابندیاں عائد کیے جانے کے بعد، امریکہ سے نکالے گئے اپنے شہریوں کو لانے کے لیے طیارہ روانہ کیا ہے۔

5- اور رانچی میں، خواتین کی ہاکی انڈیا میں، اُڈیشہ واریئرس نے JSW سورما ہاکی کلب کو دو ایک سے شکست دے کر خطاب جیت لیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔